# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 29 March 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۹/مارچ ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

- ☆ **لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کا نوٹیفکیشن جاری، پربھنی ، ہنگولی اور ناندیڑ سمیت ریاست کے 8/ حلقہ انتخابات میں 26/ اپریل کو رائے دہی**
- ☆ **ناندیڑ میں کل ایک پرچہ نامزدگی داخل ، پربھنی میں 26/ جبکہ ہنگولی میں 119/ پرچہ نامزدگی تقسیم**
- ☆ **رام ٹیک کی مہاوِکاس آگھاڑی کی امیدوار رشمی بروے کا ذات صداقت نامہ منسوخ**
- ☆ **شیوسینا کی امیدواروں کی پہلی فہرست جاری ، ہنگولی سے موجودہ رکن پارلیمان ہیمنت پاٹل کو امیدواری**

**اور**

- ☆ **مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کا خصوصی واڈ مئے ایوارڈ آج دیا جائے گا**

**اب خبریں تفصیل سے...**

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلہ کا نوٹیفکیشن کل جاری ہوا۔ اِس مرحلہ میں 12/ ریاستوں کے 89/ حلقہ انتخابات کے لیے 26/ اپریل کو رائے دہی ہوگی۔ جن میں مراٹھواڑہ کے پربھنی، ہنگولی اور ناندیڑ سمیت ریاست کے بلڈھانہ ، اکولہ ، امراوتی ، ایوت محل۔ واشم اور وردھا لوک سبھا حلقہ انتخاب شامل ہیں۔ اِن تمام حلقہ انتخاب میں 4/ اپریل تک امیدواری عرضی داخل کی جاسکیں گی۔ جبکہ 8/ اپریل تک عرضی واپس لی جائے گی۔

ناندیڑ میں کل پہلے دن ہی پرچہ نامزدگی داخل کی گئی ہے ۔آزادامیدوارظفرعلی خاں محمود خاں پٹھان نے امیدواری عرضی بھرنے کی اطلاع ضلع ریٹرن اِنگ افسر ابھجیت راؤت نے دی ۔ پربھنی میں کل ایک بھی پرچہ نامزدگی داخل نہیں کی گئی ۔ جبکہ 21 ؍افرادکو26 ؍ پرچہ نامزدگی تقسیم کی گئی ۔ ہنگولی میں 41 ؍افرادنے119 ؍ پرچہ نامزدگی حاصل کی ہے ۔

***** ***** *****

بلڈھانہ لوک سبھا حلقہ انتخاب سے شیوسینا شندے گروپ کے رکن اسمبلی سنجئے گائیکواڑ نے کل امیدواری عرض داخل کی ۔ اِس کے ساتھ ہی انھوں نے آزادامیدوار کی حیثیت سے بھی پرچہ داخل کیا۔ بلڈھانہ حلقہ انتخاب کے شیوسینا کے موجودہ رکن پارلیمان پرتاپ جادھو یہ شندے گروپ میں ہے۔ پارٹی نے انھیں امیدواری دی ہے۔گائیکواڑ نے پرچہ واپس نہ لینے کی بات کہی ہے۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں وِدربھ کے 5 ؍حلقوں کے امیدواروں کی عرضیوں کی جانچ میں تقریباً 181 ؍ میں سے110 ؍امیدواروں کی عرضیاں اہل پائی گئیں ۔ ناگپور حلقہ میں26 ؍بھنڈارا۔گوندیا 22 ؍گڈچرولی ۔چمور 12 ؍ چندرپور15 ؍ اور رام ٹیک لوک سبھا حلقہ انتخاب کے 35 ؍امیدواروں کی عرضیاں اہل پائی گئی ۔ پہلے مرحلہ میں امیدواری عرضی واپس لینے کی امدت کل30 ؍ مارچ تک ہے جبکہ رائے دہی19 ؍اپریل کو ہوگی ۔

***** ***** *****

لوک سبھا الیکشن کے لیے شیوسینا نے کل امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کی ۔ہنگولی سے موجودہ رکن پارلیمان ہیمنت پاٹل کو امیدواری دی گئی ہے۔جنوب وسطی ممبئی سے راہل شیواڑے ‘ کولہاپور سے سنجئے منڈلیک ‘ شرڈی سے سداشیولوکھنڈے ‘ بلڈھانہ سے پرتاپ راؤ جادھو‘ ماروڑ سے شری رنگ بارنے ‘ رام ٹیک سے راجو پاورے جبکہ ہاتھ کنگلے سے دھیریہ شیل مانے کو امیدواری دی گئی ۔

دریں اثناء فلم اداکار گووندا آہوجا نے کل شیوسینا میں شمولیت اختیار کی ۔ممبئی میں ہوئے پروگرام میں وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے گووندا کا استقبال کیا۔

***** ***** *****

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن یو جی سی نے احکامات جاری کیے ہیں کہ پی ایچ ڈی داخلہ کے لیے صرف نیٹ امتحان کے نشانات شمار کیے جائیں۔ اِس کے مطابق پی ایچ ڈی کے لیے مختلف یونیورسٹیوں اور اعلیٰ تعلیمی اِدارہ جات میں داخلہ کے لیے اُن کے داخلہ امتحان کے بجائے صرف نیٹ امتحان کا نتیجہ کافی ہوگا۔

***** ***** *****

عیسیٰ مسیح کی قربانی کا دِن گُڈ فرائی ڈے آج منایا جارہا ہے۔ اِس موقعے پر مختلف چرچوں میں عبادت سمیت انسانیت کا پیغام دینے کے لیے مختلف پروگرام کا انعقاد کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

فرانس کے کان عالمی فیسٹول کے لیے ششی کھندرے کی ہدایت میں بنی چیسی شری کانت بھِڑے کی ہدایت والی بھیرا اور منوج شندے کی وَلّی اِن 3 رفلموں کا انتخاب عمل میں آیا ہے۔ کان میں آئندہ 14 رتا 22 رمئی کے درمیان یہ فیسٹیول منعقد ہوگا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کی جانب سے دیا جانے والا خصوصی واڈ مئے ایوارڈ آج دیا جائے گا۔ ممبئی کے راجیو ناٹک کونٹو ریہ لوٹو پاٹل خصوصی واڈ مئے ڈرامہ ایوارڈ جبکہ پونہ کے مادھو گاڈ گیڑ کو یشونت راؤ چوہان خصوصی واڈ مئے ایوارڈ اِس موقع پر دیا جائے گا۔ مساپ کے ڈاکٹر ناگو ناندا پورکر ہال میں شام ساڑھے پانچ بجے یہ پروگرام ہوگا۔

***** ***** *****

آنجہانی کلاسیکی گلوکار پنڈت ناتھ راؤ نیرڑکر کو اُن کے یوم وفات کے موقعے پر ناتھ نیرڑکر شِیپیہ خاندان کی جانب سے آج ناتھ سور پروگرام کا انعقاد کیا گیا ہے۔ چھتر پتی سنبھاجی نگر میں آج شام چھ بجے تاپڑیہ ناٹیہ مندر میں ہونے والے اِس پروگرام میں گلوکار کرشنا بونگانے ' انکِتا جوشی اور تال یوگی پنڈت سریش تڑولکر کا مظاہرہ ہوگا۔

***** ***** *****

چھتر پتی سنبھا جی نگر کے مونسپل کارپوریشن حدود کے خواتین بچت گروپ کا رائے دہی بیداری پروگرام کل ضلع کلکٹر دلیپ سوامی کی موجودگی میں ہوا۔ انھوں نے اپیل کی کہ بچت گٹ خواتین میں رائے دہی کی مناسبت سے بیداری پیدا کریں اور خواتین کی شرکت کو بڑھائیں۔ انھوں نے احکامات دینے کے بچوں کے لیے ووٹنگ مرکز عمارت میں جھولے دستیاب کروائیں۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے ضمن میں کل سرحد کے ضلع آر ڈی سیشن میٹنگ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ منعقد ہوئی۔ چھتر پتی سنبھا جی نگر ' جالگاؤں ' ناسک ' بیڑ ' احمد نگر ' بلڈھانہ' دھاراشیو اِن اضلاع کے کلکٹر اور پولس سپرنٹنڈنٹ اِس میٹنگ میں شامل تھے۔ اِس میٹنگ میں سرحد سے جڑے ضلعوں میں مشترکہ ناکہ بندی کر کے ضابطہ اخلاق پر عمل کرنے پر بحث ہوئی۔

***** ***** *****

لاتور کے پولس ڈرل میدان پر جاری ضلع سطح کے معذورین کے مقابلوں میں شریک طلباء نے تمام ووٹ دینے کی اپیل کی۔ اِس موقع پر گونگے طلباء نے اسٹریٹ ڈرامہ کے ذریعہ بیداری کی۔ؤ

***** ***** *****

لوک سبھا الیکشن کے وقت اپنے واٹس ایپ گروپ سے سیاسی تشہیر کرنے کے معاملہ میں ناندیڑ ضلعے کے نائیگاؤں پنچایت سمیتی کے سینئر اسسٹنٹ یو ایس دھوٹے کو معطل کر دیا گیا ہے۔ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے کی پاداش میں ضلع پریشد کے سی ای او مینل کرنوال نے یہ کارروائی کی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع کے تلجا پور تعلقہ کے کھڑکی تانڈا میں محکمہ ایکسائز کے دستہ نے ہاتھ بھٹی شراب کی دکان پر چھاپہ مار کر 5 ؍لاکھ 78 ؍ہزار روپئے کا سامان ضبط کرلیا۔ اِس معاملہ میں 3 ؍افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

مدھیہ پردیش کے جبل پور میں حال ہی میں منعقدہ 45 رویں کُل ہندانٹر پاور کھیل مقابلوں میں چھترپتی سنبھا جی نگر مہاوِترن کی ٹیم نے باڈی بلڈنگ اور ویٹ لفٹنگ کھیلوں میں نمایاں کارکردگی دکھائی ہے۔ باڈی بلڈنگ زمرے میں راہل کامبرے اور وشال موہاڑ نے نقرئی تمغہ جبکہ سورج کونگے اور اَمِت پاٹل نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ اِسی طرح والوج ایم آئی ڈی سی شاخ کے معاون انجینئر روی مرگنے نے ویٹ لفٹنگ زمرے میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ اِسی زمرے میں مہاوِترن کی ٹیم کو تیسرا مقام حاصل ہوا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے شہریان کو آبرسانی اور املاک ٹیکس کے بقایہ جات بھرنے کے لیے آج کل اور پرسوں 31 ر مارچ کو تعطیل کے دن بھی سبھی زون دفاتر اور انتظامی دفاتر کھلے رہیں گے ۔شہریان متعلقہ دفاتر پر صبح آٹھ بجے تا شام آٹھ بجے تک ٹیکس ادا کرسکتے ہیں۔جن شہریان کی املاک پر ٹیکس لاگو نہیں کیا گیا ہے ایسے املاک مالکان سے 31 ر مارچ تک اپنی املاک پر ٹیکس لاگو کروالینے کی اپیل میونسپل انتظامیہ نے کی ہے۔

بیڑ ضلع میں بھی ٹریژری دفتر اور اسٹیٹ بینک آف انڈیا کی تمام شاخیں 31 ر مارچ کو کھلی رہیں گی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے کلمب تعلقے کے موضع یرماڑا کے تحصیل افسر دیوانند مَرگو کامبرے کو 4 ر ہزار روپئے کی رشوت لیتے ہوئے کل گرفتار کرلیا گیا۔ چوراکھڑی میں واقع مندر کی اراضی کی مُرُم کی رائیلیٹی کی ادائیگی کے بغیر مُرُم کی حمل ونقل کی اجازت دینے کے لیے یہ رشوت طلب کی گئی تھی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے امبہ جوگائی میں ضلعی کتاب میلے کا کل شاعر پربھاکر ساڑے گاؤنکر کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔ بہتر اور خوشحال زندگی گذارنے کے لیے ادب کا مطالبہ ضروری ہونے کی بات انھوں نے اِس موقعے پر کہی۔آج یہ کتاب میلہ اختتام پذیر ہوگا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے میں درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے زیر زمین پانی کی سطح میں کمی واقع ہوئی ہے۔ سیلو تعلقے کے ضمن دودھنا آبی پُشتے میں صرف 8} اعشاریہ 26 / فیصد پانی کا ذخیرہ ہے اور مستقبل قریب میں پانی کی قلت کا مسئلہ ہونے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت 42 / اعشاریہ 8 / ڈگری سیلسئس آکولہ میں درج کیا گیا۔ مراٹھواڑہ میں پربھنی میں سب سے زیادہ 41 / اعشاریہ 2 / ڈگری درجہ حرارت کا اندراج ہوا جبکہ ناندیڑ میں 40 / اعشاریہ 2 / بیڑ میں 40 / اعشاریہ ایک اور چھترپتی سنبھاجی نگر میں 39 / اعشاریہ 2 / ڈگری درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

***** ***** *****

اِنڈین پریمئر لیگ IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں کل راجستھان رائلس نے دِلّی کیپٹلس کو 12 / رنوں سے ہرا دیا۔ راجستھان رائلس نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے مقررہ اووروں میں 185 / رنز بنائے۔ جس کے جواب میں دِلّی کیپٹلس کی ٹیم 173 / رنز ہی بنا سکی۔ اِس ٹورنامنٹ میں آج رایل چیلنجرس بنگلورو اور کولکاتہ نائٹ رائیڈرس کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کا نوٹِفِکیشن جاری' پربھنی ' ہنگولی اور ناندیڑ سمیت ریاست کے 8 رحلقہ انتخابات میں 26 رابریل کو رائے دہی

☆ ناندیڑ میں کل ایک پرچہ نامزدگی داخل ' پربھنی میں 26 رجبکہ ہنگولی میں 119 رپرچہ نامزدگی تقسیم

☆ رام ٹیک کی مہاوِکاس آگھاڑی کی امیدوار رشمی بروے کا ذات صداقت نامہ منسوخ

☆ شیوسینا کی امیدواروں کی پہلی فہرست جاری ' ہنگولی سے موجودہ رکن پارلیمان ہیمنت پاٹل کو امیدواری

اور

☆ مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کا خصوصی واڈمئے ایوارڈ آج دیا جائے گا

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆